# SCOC

کے۔الیکٹرک (اس کے بعد کے ای لکھا جائے گا) کا سپلائر کوڈ آف کنڈکٹ (SCOC) کاروباری سا لمیت کے اعلیٰ معیار کا اظہار کرتا ہے جو کہ ہمیں اپنے سپلائرز سے دنیا بھر میں اور تھرڈ پارٹی سے درکار ہے۔ نتیجتاً ہم صرف ان سپلائرز کے ساتھ کام کرتے ہیں جو کہ سختی سے قابلِ اطلاق اور مؤثر قوانین اور شرائط وضوابط کی تعمیل کرتے ہیں۔ کے ای کا کاروباری ضابطہ ہماری بنیادی اقدار صارف مرکوز، ذمہ دار، باعزت، پرجوش اور محفوظ (CARES) سے منسلک ہے۔ لہٰذا یہ ضابطہ اخلاق (SCOC) کم از کم معیار کی تعریف کرتا ہے جس کی ہم اپنے سپلائرز/ خدمات فراہم کرنے والوں/ وینڈرز/ کنٹریکٹرز ("سپلائرز") سے توقع کرتے ہیں اور جس کی وہ پابندی کریں گے۔

کے ای یہ توقع کرتا ہے کہ آپ اور وہ جو کسی بھی طرح کے ای کے ساتھ معاہداتی فرائض کے سلسلے میں آپ کی نمائندگی کرتے ہیں، درجِ ذیل میں دیئے گئے تمام قابلِ اطلاق قوانین اور معیارات کی تعمیل کریں گے۔ لہٰذا یہ بات آپ کو ذہن نشین رکھنی چاہیئے کہ SCOC میں استعمال کی جانے والی اصطلاح "سپلائرز" آپ کے ساتھ ان افراد کے لئے بھی حوالہ ہے جو آپ کی نمائندگی کرتے ہیں۔

## تعریفات:

**"قابلِ اطلاق قوانین"** اس سے مراد رشوت اور بدعنوانی کے تمام قوانین، اقدامات، قواعد وضوابط، ریگولیٹری پالیسیز، ریگولیٹری راہنما اصول، ریگولیٹری لائسنسز جو ہر معاملہ میں وقتاً فوقتاً نافذ العمل ہوتے ہیں بشمول لیکن صرف یہاں تک محدود نہیں: یو ایس فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ؛ 2010 کے برطانیہ کے برائبری ایکٹ؛ کنٹریکٹر اور اس سے منسلک افراد یا کے ای پر قابلِ اطلاق اینٹی کرپشن قوانین؛ اور تجارتی رشوت، اینٹی منی لانڈرنگ، پابندیاں اور اور برآمدات کو کنٹرول کرنے والے قوانین اور امریکا، برطانیہ، یورپی یونین اور پاکستان۔

**"منسلک افراد"** اس سے مراد ملازمین، ڈائریکٹرز، اور کنٹریکٹرز کے افسران (بشمول حتمی فائدہ حاصل کرنے والے مالکان) اور اس کے ذیلی ادارے مع تھرڈ پارٹی ایجنٹس، سب کنٹریکٹرز، یا کنٹریکٹر اور/ یا اسکے ذیلی اداروں کی جانب سے نمائندے کے طور پر کام کرنے والے افراد ہیں۔

**"سپلائر"** اس سے مراد سپلائرز اور کوئی منسلک فرد جو کے۔الیکٹرک میں سپلائرز کی جانب سے کام انجام دے۔

**"سرکاری ادارہ"** اس سے مراد گورنمنٹ یا کوئی اور ڈیپارٹمنٹ، ایجنسی، انسٹیٹیوشن یا اس سے متعلق ذریعہ، یا کسی بھی سابقہ کے کسی سیاسی

سب ڈویژن (بشمول کوئی کمپنی یا کوئی اور ادارہ جو حکومت کے مکمل یا جزوی طور پر زیر ملکیت ہو یا کنٹرول کیا جاتا ہو)، اور/ یا کوئی سیاسی جماعت یا عوامی بین الاقوامی تنظیم ہے۔

**"حکومتی اہلکار"** اس سے مراد حکومتی اہلکار، ملازم یا کسی حکومتی ادارے کے دیگر اہلکار (بشمول اس سے متعلق کوئی قریبی فیملی کارکن)، کوئی فرد جو حکومتی ادارے کی جانب سے دفتری حیثیت میں یا کسی سیاسی عہدے کے امیدوار کے لئے کام کرتا ہو۔

**"سپلائر ضابطہ اخلاق"**(SCOC) سے مراد سپلائر کے لئے ضابطہ اخلاق ہے جو کہ تمام سپلائرز کے لئے کم سے کم معیار کا تعین کرتا ہے۔

**وسعت اور اطلاق**

تمام سپلائرز سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کاروباری تعلقات کے لئے، کے۔الیکٹرک کو اشیاء کی فراہمی اور/ یا اپنی خدمات کے حوالے سے SCOC کی ضروریات کو پورا کریں گے۔

- ایسے اقدامات اٹھائیں جن سے تمام ملازمین اور کنٹریکٹ ورکرز اس SCOC کی ضروریات کو سمجھ سکیں اور ان پر عمل پیرا رہیں، اس میں (جہاں اشیاء کی نوعیت اور خدمات مناسب فراہم کی جاتی ہیں) موزوں پالیسز، طریقہ کار، تربیت اور سپورٹ کو برقرار رکھنا شامل ہے۔
- اپنے نئے اور موجودہ ذیلی سپلائرز یا کنٹریکٹرز کے لئے اپنی سپلائی چین کو دستیاب بناتے ہوئے، SCOC کی ضروریات پر عمل درآمد کو فروغ دیں۔

**نمائندگی، وارنٹیز اور ذمہ داری کا اقرار**

سپلائر، اپنی طرف اور اپنے سے منسلک افراد کی طرف سے نمائندگی کرتا، ضمانت دیتا اور رضامندی ظاہر کرتا ہے کہ سپلائر:

(i)SCOC کی ضروریات اور ان کے اصولوں بشمول قابلِ اطلاق قوانین کی دفعات کا علم رکھتا ہے۔

(ii) جب کے ای کی طرف سے بالواسطہ یا بلاواسطہ عمل پیرا ہوگا تو اس SCOC پر ہر وقت سختی سے عمل کرے گا اس کے ساتھ ہی کسی بھی مخصوص اینٹی برائبری اور اینٹی کرپشن دفعات جو کہ کے ای کے ساتھ کسی کنٹریکٹ/ ایگریمینٹس/ پرچیز آرڈر میں شامل ہوں گی، کی پیروی کرتا رہے گا۔

(iii) چاہے وہ براہِ راست ہو یا کسی اور ذریعہ سے ہو، نامناسب اور/ یا غیر قانونی رویہ، بشمول کرپشن، بھتہ خوری، منی لانڈرنگ اور غبن میں ملوث ہونے سے اجتناب کرے گا۔

(iv) پیروی کی ہے، اس وقت بھی پیروی کر رہا ہے اور مسلسل بنیادوں پر تمام قابلِ اطلاق قوانین کی پیروی کرتا رہے گا؛ اور

(v) کنٹریکٹر یا SCOC سے منسلک افراد کی جانب سے یا کسی بھی قابلِ اطلاق قانون کی رو سے کسی حقیقی یا ممکنہ خلاف ورزی کی صورت میں فوری طور پر مطلع کرے گا۔ اور

(vi) کے ای کو فوری طور پر مطلع کرے گا اگر کنٹریکٹر یا اس سے منسلک کوئی فرد کی جانب کسی ایسے کام کی درخواست کی جائے یا کوئی ایسے عمل انجام دینا چاہے جو کہ کے ای کے ساتھ سپلائرز کی معاہداتی ذمہ داریوں کی خلاف ورزی کرتا ہو یا کر سکتا ہو۔

سوائے اس کے کہ کے ای کو بتا دیا گیا ہو، کنٹریکٹر اپنے، اپنے لئے اور اپنی سے منسلک افراد میں سے ہر ایک طرف سے نمائندگی کرتا اور ضمانت دیتا ہے کہ:

(i) یہ سرکاری اہلکار کے لئے یا کی جانب سے عمل نہیں کر رہا ہے؛ اور

(ii) کوئی سرکاری اہلکار بالواسطہ یا بلاواسطہ اس کی ملکیت، یا اس میں دیگر دلچسپی، رقوم، آمدنی یا دوسرے فوائد جو کہ کنٹریکٹس / ایگریمینٹس / پرچیز آرڈرز کے سلسلے میں ہو سکتے ہیں، سے متعلق نہیں ہے۔

### جھوٹے دعوؤں پر جرمانہ

سپلائرز یعنی فراہم کنندہ کی حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ وہ کے ای ملازمین کی جانب سے کسی بھی حقیقی یا ممکنہ خلاف ورزی کی اِطلاع کے ای کو فوری طور پر کر دیں۔ تاہم اگر سپلائر کا دعویٰ جھوٹا یا بے ایمانی یا بدنیتی پر مبنی یا غیر سنجیدہ یا پریشان کُن پایا گیا تو، کے الیکٹرک اُس سپلائر کو درج ذیل جرمانوں میں سے کوئی ایک یا تمام عائد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے:

(i) سپلائر کے ساتھ جاری تمام اقسام کے اُمور یا آئندہ کی لین دین روک دے

(ii) زیرِ عمل ادائیگیوں کو روک دے

(iii) اُس سپلائر کے ساتھ مستقبل میں کوئی کاروبار نہ کرے

(iv) سپلائر کو وارننگ لیٹر جاری کرنے اور اُن سے اُن کی صورتحال کی وضاحت طلب کرے اور ایسے عویٰ کیلیئے معذرت کا خط جمع کرانے کیلیئے کہے۔

**مفادات کا ٹکراؤ**

سپلائرز کے لئے ضروری ہے وہ کے ای کے ساتھ اپنے کاروباری معاملات میں مفاد کے ٹکراؤ سے اجتناب کریں اور جہاں ممکنہ طور پر مفاد کے ٹکراؤ کی صورتِ حال کا سامنا ہوسکتا ہو، وہاں شفافیت کے ساتھ اپنا کام انجام دیں۔

اس طرح سپلائرز کے لئے لازمی ہے کہ وہ:

• ایسی صورتِ حال سے گریز کریں کہ جہاں اِن کے ذاتی اور/ یا تجارتی مفاد یا ان کے افسران اور ملازمین کا مفاد کے ای کے کے مفادات سے متصادم ہوجائے۔
• کے۔الیکٹرک کو مطلع کریں کہ اگر کے ای کا کوئی ملازم ممکنہ طور پر ان کے کاروبار اور یا ان کے ساتھ کوئی معاشی تعلقات میں کسی قسم کا حصہ یا کوئی مفاد رکھتا ہو۔
• کسی بھی ایسی صورتِ حال کے بارے میں کے ای کو مطلع کریں جو کہ حقیقی یا ممکنہ مفاد کے ٹکراؤ کے طور پر نظر آئے۔ جیسے ہی اس ٹکراؤ کا اندیشہ ہو تو فوری طور پر بتائیں کہ کیسے اس مسئلہ سے نمٹا جارہا ہے۔
• کسی بھی کنٹریکٹ یا ایگریمنٹ پر دستخط کرنے سے پہلے کسی قریبی رشتے دار کے، کے ای میں ملازم ہونے وہ بھی کس حیثیت کے بارے میں کے ای کو مطلع کرے۔

**رشوت اور بدعنوانی**

سپلائر ترجمانی کرے، ضمانت دے اور عہد کرے کہ کے ای سے تعلق کے حوالے سے، ایگریمنٹ کی طرف سے قائم کردہ ہر ٹرانزیکشن کے مطابق ہے۔ اس نے:

(i) بکس، ریکارڈز، انوائسز اور دیگر دستاویزات بہ متعلق ادائیگیوں اور اخراجات جو کہ مکمل اور درست ہیں کو برقرار رکھا ہے اور رکھے گا۔ اس ضمن میں معقول تفصیلات میں ایسے اخراجات اور ٹرانزیکشن جو کہ لفظوں اور ہندسوں کو ظاہر کرتے ہیں کے لئے بھی یہ ذمہ داری پوری کی جائے گی۔

(ii) کوئی "آف بکس" اکاؤنٹس یا دیگر ایسی رقوم جو کہ مکمل طور پر حساب شدہ نہ ہوں گی، نہ رکھتے ہیں، اور نہ رکھیں گے، نہ برقرار رکھے جائیں گے یا استعمال کئے جائیں گے۔

## پبلسٹی

کے ای اپنے نام کے استعمال اور اشاعت، لوگو، امیجز، سپلائر ریلیشن شپ، پروڈکٹس، پارٹس، ڈیزائن اور دیگر پریس ریلیز میں تمام غیر عوامی پبلیکیشنز، پبلسٹی مواد، ٹینڈر آفرز، کسٹمر لسٹ، ویب سائٹ وغیرہ بشمول ٹریڈ فیئرز میں پروڈکٹ ڈسپلے یا سپلائرز کی جگہوں پر وغیرہ، کے ای کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر منع کرتا ہے۔

## رازداری

تمام سپلائرز سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ کے ای کی جانب سے فراہم کردہ تمام خفیہ معلومات کا تحفظ رکھیں گے یہاں تک کہ اگر ہر ایک معاملے کی بنیاد پر علیحدہ انکشاف کئے بغیر دستخط نہیں ہوئے ہیں۔ سپلائرز سے توقع کی جاتی ہے کہ کے ای کی کسی بھی مخفی اور/ یا تجارتی لحاظ سے حساس معلومات کو افشا کرنے سے احتراز کریں جو کہ سپلائر نے کے ای کی کسی تھرڈ پارٹی یا اتھارٹیز سے حاصل کی ہیں۔

## بنیادی انسانی حقوق کا احترام

کے ای اپنے سپلائرز سے توقع رکھتا ہے کہ وہ اپنے کام اس طرح انجام دیں گے کہ دوسروں کے بنیادی حقوق جیسا کہ انسانی حقوق کے عالمی اعلامیہ کے مطابق توثیق شدہ ہیں کا احترام قائم رکھے گا۔ اس میں ان کے ملازمین (ورکرز اور مینجمنٹ ملازمین) اور ان کے سب کنٹریکٹرز/ سپلائرز کے لئے کام کرنے والے ملازمین (صرف انہی تک محدود نہیں) شامل ہیں۔ ان کے اپنے ملازمین کے لئے ہم سپلائرز سے (کم از کم) یہ توقع ضرور رکھتے ہیں کہ:

- وہ اپنے ملازمین کے لئے بلاتفریق رنگ و نسل، قومیت، سماجی پس منظر، معذوروں، جنسی سمت بندی، سیاسی یا مذہبی یقین، ازدواجی حیثیت یا خاندانی رتبے، صنف، عمر یا ایسے دیگر پس منظر جیسا کہ پاکستان کے متعلقہ قوانین کے تحت تسلیم کئے جاسکتے ہیں۔ مساوی اور مواقع اور برتاؤ کو فروغ دیں گے۔

- ہر شخص کے ذاتی وقار، ذاتی معاملات اور حقوق کا احترام کریں گے
- ملازمین کے ساتھ ظلم، جنسی ہراسگی اور امتیازی سلوک جیسے ناقابل قبول سلوک کو برداشت کرنے سے انکار کردیں گے
- زبان، اشاروں اور جسمانی رابطہ جو کہ جنسی، زور زبردستی، دھمکی، استحصال جیسے سلوک پر مبنی ہو ممانعت کریں گے

• اپنے ملازمین کومناسب معاوضہ ادا کریں گے اوراس بات کی ضمانت دیں گے کہ یہ معاوضہ کم ازکم قابلِ اطلاق قومی قانونی اجرت کے مطابق ہو
• قابل اطلاق قانون کے مطابق کام کے اوقات اور/ اوورٹائم کی ادائیگی کی تعمیل کریں گے
• کام کے لئے محفوظ ماحول، کام کی جگہ پر صحت اور تحفظ سے متعلق خطرات کی نشان دہی اوراس کے حل کے لئے طریقہ کار کو وضع کریں گے، کام کے لئے محفوظ مشقوں پر عمل کریں گے، اور پیشہ ورانہ کاموں کے دوران ہونے والے حادثات اور بیماریوں سے بچنے کے لئے مناسب حفاظتی سامان (جہاں متعلقہ ہو) فراہم کریں گے
• اپنے ملازمین کے سلسلہ میں جن پر پاکستان کے لیبر قوانین کا اطلاق ہوتا ہے، سختی سے پاسداری کو یقینی بنائیں گے بشمول لیکن صرف سوشل سیکورٹی، ای او آئی بی، گروپ ورک میں انشورنس، گروپ میڈیکل انشورنس وغیرہ تک محدود ہے

## مزدوری (جبری یا بچوں سے)

سپلائرز لازمی طور پر اس کا ارتکاب نہیں کریں گے یا اس کام کی اجازت نہیں دیں گے جو سزا کی دھمکی کے باعث غیر رضا کارانہ طور پر انجام دیئے گئے ہوں بشمول جبری اوورٹائم، قرض کی پابندی، جبری مزدوری، غلامی یا خدمت۔ بچوں کو مزدوری کے لئے استعمال نہیں کیا جائے گا اور متعلقہ قومی، مقامی اور بین الاقوامی یعنی انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن) آئی ایل او، آئی ایل او کنونشن نمبر 182 جو بچوں کی مشقت پر بدترین شکل پر ہے، 1999 اور آئی ایل او کنونشن نمبر 138 جو ملازمت مین داخلے اور کام کے معیارات کے لئے کم سے کم عمر ہے، خاص طور پر عمل درآمد کیا جائے گا۔

وضاحت کے پیش نظر، سپلائر کو بچوں سے مشقت اور مزدوری مین شامل ہونے کے عمل میں تصور کیا جائیگا۔ اگر سپلائر ملازمت دیتا ہے، شامل کرتا ہے یا بصورت دیگر کسی ایسے بچے کی جانب سے کام انجام دیا جارہا ہو جسے معقول طور پر بچے کی نشوونما یا اس کی طبعی یا جذباتی معذوری کا سبب ہونا جانا دیکھا جاسکتا ہو۔

## تحائف، خوراک اور تفریح

کاروباری نوازشیں: تحائف یا احسان جیسے عمل سے گریز کریں جو کہ کے ای ملازمین یا ایجنٹس کی آزادانہ رائے پر اثرانداز ہو سکتے ہیں یا بظاہر اثرانداز ہوتے ہی نظر آتے ہوں۔ سپلائر کو کبھی تحائف کی فراہمی کے لئے ذمہ دار محسوس نہیں کرنا چاھیئے یا کسی کے ای ملازم یا ترجمان ونائندہ کو تفریح کی غرض سے خود کو ذمہ دار محسوس نہیں کرنا چاہیئے۔

Energy That Moves Life

اگرچہ اس کی قیمت بہت ہی معمولی قابلِ قبول کاروباری نوازشوں میں عام طور پر شامل ہیں۔

**تحائف:** تحائف کبھی کبھار ہونے چاہئیں اور ان کی قیمت بہت ہی معمولی ہونی چاہیئے۔ قابلِ اجازت تحائف میں ایسی اشیاء جیسے معمولی قیمت کے کپڑے یا کوئی یادگار جس پر بزنس پارٹنر کا لوگو چسپاں (قمیض، ٹوپیاں، قلم، پین وغیرہ) یا کھانے کی اشیاء کی باسکٹ، نقد یا نقد مساوی جیسے گفٹ کارڈ یا شاپنگ واؤچر کبھی بھی نہیں دینے چاہئیں یا قبول کرنی نہیں چاہئیں۔ کے ای ملازمین کو دئے گئے تحائف جو کہ ہماری پالیسیز کے برخلاف ہیں سپلائر کو واپس کر دیئے جائیں گے یا ان سے ہماری اندرونی پالیسیز کے مطابق عمل درآمد کیا جائے گا۔

**تفریح اور کھانے:** سپلائر معقول کاروباری تفریح فراہم کرسکتا ہے جیسے کاروباری ہم رتبہ کے ساتھ کسی ثقافتی یا اسپورٹنگ ایونٹ میں شریک ہونا، جہاں تک ممکن یہ تفریح معقول اور وزن واخراجات کے لحاظ سے معقول اور روایتی ہو اور کاروباری روابط میں اضافہ کی وجہ بنے، سفر اور رہائس (بشمول رئیل اسٹیٹ کا استعمال جیسے ویکیشن پراپرٹی) پیش کیا جاسکتے یا کے ای ملازمین یا ان کے نمائندوں کی جانب سے قبول کئے جاسکتے ہیں۔

درجِ بالا کے باوجود سپلائر ش لازمی طور پر پیش کردہ کسے بھی کاروباری ستائش وعنایات یا 20 ڈالر (امریکی) سے متجاوز کے ای بزنس کے ضمن میں دی گئی رقم کے لئے کے ای کارپوریٹ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ سے پیشگی منظوری حاصل کرے گا۔

**ماحولیاتی تحفظ:**

- ماحولیاتی تحفظ سے متعلق بین الاقوامی معیارات اور قابلِ اطلاق قانونی معیارات کے عین مطابق عمل کرنا ہوگا
- ماحولیاتی آلودگی کو کم سے کم کرنا ہوگا اور ماحولیاتی مسلسل بہتری لانی ہوگی
- ایک معقول ماحولیاتی مینجمنٹ سسٹم ترتیب دینا یا استعمال کرنا ہوگا

**انٹیلکچول پراپرٹی یعنی فکری املاک:**

تمام فراہم کنندگان اُن تمام قابلِ اِطلاق قوانین جو انٹیلکچول پراپرٹی رائٹس یعنی حقوق فکری املاک کے اظہار ناموں کا احاطہ کرتے ہیں کہ لازماً پاسداری کریں گے بشمول افشاء کے خلاف تحفّظ، پیٹنٹس، کاپی رائٹس، اور ٹریڈ مارکس۔

**مقابلہ وعدم اعتماد یعنی کمپیٹیشن اینڈ اینٹی ٹرسٹ:**

فراہم کنندگان ان کے حریفوں کے ساتھ قیمتوں کا تعین یا بولیوں میں ہیر پھیر ہرگز نہ کریں۔ وہ حریفوں کے ساتھ موجودہ، حالیہ یا مستقبل کی قیمتوں کی معلومات کا تبادلہ ہرگز نہ کریں۔فراہم کنندگان کسی بھی کارٹیل میں شرکت سے لازماً باز رہیں۔

**ضابطہ اخلاق کا اطلاق**

رجسٹریشن کے وقت تمام سپلائر اور کے ای کے موجودہ سپلائر سے اس ضابطہ اخلاق پر دستخط لازمی طور پر درکار ہوں گے اور اس ضابطہ اخلاق پر اس کی اصل روح کے ساتھ عمل پیرا ہونے اور اس کی ذمہ داری قبول کرنا ہوگی بشرطیکہ کے ای اور سپلائر کے درمیان چیز آرڈر/سمجھوتہ/معاہدہ پر عمل ہو، یہ ضابطہ اخلاق ایسے پر چیز آرڈر/سمجھوتے/معاہدے کے ایک لازمی حصہ کی تشکیل کرے گا۔

کے ای باقاعدگی سے اپنی پالیسیز کا جائزہ لیتا ہے اور اس کی تجدید کرتا ہے اور اس ضابطہ اخلاق میں وقتاً فوقتاً ترمیم کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

کے ای اپنے کنٹریکٹرز کی اسکریننگ، درکار استعداد وکوشش اور نگرانی، کے ای کے بزنس پارٹنر مینجمنٹ پروگرام کے مطابق منعقد کرے گا۔ کنٹریکٹرز ایسے جائزے کے لئے مکمل تعاون کرے گا اور خیر سگالی کے ساتھ کے ای اور اس کے نامزد ایجنٹس کو درجِ ذیل کی فراہمی کریں گے بشمول:

(i) ملکیت اور کنٹریکٹرز کی کاروباری سرگرمیوں سے متعلق معلومات اور/ یا اس سے منسلک افراد سے متعلق جیسا دعکار ہوتا ہے، تاکہ کے ای کوانٹی کرپشن رِسک ایویلیوایشن کے انعقاد کی اجازت دی جائے اور/ یا نئے سمجھوتے پر دستخط قبل درکار استعداد وسعی کا انعقاد کیا جائے اور/ یا کنٹریکٹر کے ساتھ موجودہ سمجھوتے کی تجدید کرلی جائے۔

(ii) معلومات اور دستاویز جیسے کہ درکار ہیں کی مکمل چھان بین میں کے ای کے ساتھ مکمل اعانت کی جائے اور رسک ایویلیوایشن اور مستعد عمل کے دوران دریافت کردہ ریڈ فلیگس کی جانچ پڑتال کی جائے۔

(iii) رسک پر مبنی کنٹریکٹر اور کے ای کی جانب سے عمل کرنے والے اس سے منسلک افراد کی جانب سے جاری سرگرمیوں سے متعلق معلومات کی نگرانی، پڑتال اور آڈٹ کیا جائے۔

پارٹیز اس امر سے اتفاق کرتی ہیں کہ کسی بھی نمائندگی، ضمانت، وعدے اور/ فرائض وہ واجبات ہیں جو اس ضمیمے میں ترتیب دیئے گئے ہیں، کی عدم تکمیل جو کہ کے ای کے معقول میں کے ای کے لئے منفی نتائج پیدا کر سکتے ہیں، کو حقیقی انحراف تصور کیا جائے گا جو کہ کے ای کو مستحق ٹھہرائے گا کہ وہ کوئی ایک یا تمام موجود سمجھوتوں کو ختم کردے۔

## کے ای سے رابطہ:

سپلائر کے ای یا اس کے کسی بھی ملازم کے خلاف اس ضابطہ اخلاق کے خلاف شکایات اور تحفظات کی صورت میں درجِ ذیل 2 طریقوں سے متعلقہ تفصیلات کے ساتھ رابطہ/ رپورٹ کر سکتے ہیں:

ای میل ایڈریس: scoc@ke.com.pk

ڈراپ بکس کی سہولت: شکایات اور تحفظات کی تحریری کاپی فرسٹ فلور، پروکیورمنٹ ڈیپارٹمنٹ، بلڈنگ J، ایلنڈر روڈ میں مخصوص جگہ پر موجود ڈراپ بکس میں ڈالی جا سکتی ہے۔

سپلائر کسی بھی ایک (01) یا دونوں طریقے استعمال کر سکتے ہیں۔ موصول شدہ کسی بھی شکایت پر کے ای کی نامزد کمیٹی اس معاملہ کا جائزہ لے گی اور کنٹریکٹر سے اسی کے مطابق رابطہ کیا جائے گا۔

تمام فروخت کنندگان جو ضابطہ اِخلاق کے خالف کسی تشویش یا تکلیف کے خلاف درج بالا وسائل ابلاغ کے ذریعے آواز بلند کر رہے ہیں کیلئے لازمی ہے کہ وہ معاملے کی مزید کارروائی کیلئے درج یل تفصیلات فراہم کریں:

- کے الیکٹرک کا وینڈر کوڈ (صرف رجسٹرڈ وینڈرز کیلئے)
- کمپنی کا نام
- وینڈر یعنی فروخت کنندہ کا نام
- ای میل ایڈریس
- متبادل ای میل ایڈریس
- رابطہ نمبر
- متبادل رابطہ نمبر
- این ٹی این نمبر (صرف مقامی وینڈرز کیلئے)

## سپلائر کا اقرار نامہ:

میں/ ہم بذریعہ ہٰذا درجِ ذیل اقرار کرتا/ کرتے ہیں:

Energy That Moves Life

میں/ہم نے کے ای کا ضابطہ اخلاق (SCOC) پڑھا اور سمجھا ہے اور اس کے ذریعہ خود سے عہد کیا ہے کہ کے ای کے ساتھ جاری پر چیز آرڈر (ز)، ایگریمینٹ (س)، کنٹریکٹ (س) میں طے کئے گئے عہد کے علاوہ، ہم کے ای کے ساتھ کاروبار میں اصولوں اور ضروریات (بشمول سائبر/آئی ٹی سیکیورٹی سے متعلق) کی تعمیل کریں گے۔ مزید براں جانتے بوجھتے یا بے دھیانی میں اس ضابطہ اخلاق (SCOC) کی کوئی خلاف ورزی/عدم تعمیل کو کسی موجودہ اور/ یا کسی بھی ممکنہ پر چیز آرڈر/ ایگریمنٹ/کنٹریکٹ کے تحت خلاف ورزی سمجھا جائے گا جس کے نتیجے میں کسی بھی یا تمام پر چیز آرڈر (ز)، کنٹریکٹ (س)، ایگریمنٹ (س) کو منسوخ کیا جا سکتا ہے اور اگر کے ای مناسب سمجھے تو قانونی کارروائی کا آضاز کیا جا سکتا ہے۔

______________________

مقام، جگہ

(10)

______________________

دستخط

______________________

نام (جلی حروف میں)

کمپنی سیل

اس دستاویز سپلائر کے مجاز نمائندے کے دستخط ہونا لازمی ہیں اور موصول ہونے کے سات (07) دن کے اندر یہ دستاویز کے ای کو واپس کرنا ہوگی۔